This question paper contains 4+2 printed pages]

Your Roll No.......................

4100

B.Com./III C

URDU-A—Paper XV

Time : 3 Hours *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق سباق کے ساتھ کیجئے: ۱۰

(الف)

''بھائی اس معرض میں بھی تیرا ہم طالع اور ہمدرد ہوں۔ اگرچہ یک فنہ ہوں مگر مجھے اپنے ایمان کی قسم میں اسنے اپنی نظم و نثر کی داد پائی نہیں۔ آپ ہی کہا، آپ ہی سمجھا قلندروں اور آزادگی وایثار وکرم کے جو دواعی میرے خالق نے مجھ میں بھر دیے ہیں بقدر ہزار ایک ظہور میں نہ آئے۔ نہ وہ طاقت جسمانی کہ ایک لاٹھی ہاتھ میں لوں اور اس میں شطرنجی اور ایک

P.T.O.

ٹین کا لوٹا مع سوت کی رسی کے لٹکا لوں اور پیادہ پا چل دوں، کبھی شیراز جا نکلا، کبھی مصر میں جا ٹھہرا، کبھی نجف جا پہنچا۔ نہ وہ دستگاہ کہ ایک عالم کا میزبان بن جاؤں۔ اگر تمام عالم میں نہ ہو سکے نہ سہی، جس شہر میں رہوں اس شہر میں تو بھوکا ننگا نظر نہ آئے۔''

(ب)

''میری پیدائش اور وطن بزرگوں کا ملک یمن ہے۔ والد اس عاجز کا خواجہ احمد نام بڑا سوداگر تھا۔ اس وقت میں کوئی مہاجن یا بیوپاری ان کے برابر نہ تھا۔ اکثر شہروں میں کوٹھیاں اور گماشتے خرید و فروخت کے واسطے مقرر تھے اور لاکھوں روپے نقد اور جنس ملک ملک کی گھر میں موجود تھی۔ ان کے یہاں دو بچے پیدا ہوئے۔ ایک تو یہی فقیر جو کفنی میلی پہنے ہوئے مرشدوں کی حضوری میں حاضر اور بولتا ہے، دوسری ایک بہن جس کی قبلہ گاہ نے اپنے جیتے جی شہر کے سوداگر بچے سے شادی کر

دی تھی۔ وہ اپنی سسرال میں رہتی تھی غرض جس کے گھر میں اتنی دولت اور ایک لڑکا ہو اس کے لاڈ پیار کا کیا ٹھکانہ ہے۔''

۲۔ ذیل میں سے ایک شعری اقتباس کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے: ۱۰

(الف)

اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا
رنج راحت فزا نہیں ہوتا
چارۂ دل سوائے صبر نہیں
سو تمہارے سوا نہیں ہوتا
سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا افسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا

زیرزمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف
قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

حسن تھا پردۂ تجرید میں سب سوں آزاد
طالب عشق ہوا صورت انسان میں آ

(ب)

وہ سنسان جنگل وہ نور قمر
وہ براق سا ہر طرف دشت ودر
وہ اجلا سا میداں چمکتی سی ریت
اگا نور سے چاند تاروں کا کھیت
درختوں کے سایے سے مہ کا ظہور
گرے جیسے چھلنی سے چھن چھن کے نور
ہوا بندھ گئی اس گھڑی اس اصول
بسیرا گئے جانور اپنا بھول
درختوں سے لگ لگ کے باد صبا
لگی وجد میں بولنے واہ وا

۳۔ مضمون ''لکھنؤ کی رئیسانہ زندگی کی ایک جھلک'' کا خلاصہ لکھئے۔ ۱۰

یا

نذیر احمد کی نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۴۔ میرؔ کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۱۰

یا

غالبؔ کی شاعری کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

۵۔ اپنی کمپنی کے تیار کردہ شمپو کی فروخت کے لئے ایک اشتہار تیار کیجئے۔ ۱۵

یا

کسی الیکٹرونک کمپنی کے لئے پچاس الفاظ پر مشتمل ایک ریڈیائی اشتہار لکھئے۔

۶۔ ذیل کی انگریزی اصطلاحات میں سے دس کے اردو متبادل لکھیے: ۲۰

Market behaviour, Market chain, Market data, Market finance, Market price, Market value, Market ratio, Marking, Marking rules, Marking scheme, Mass distribution, Material, Mass producer, Material cost, Medical Insurance, Minor coin.